18 مارچ 2013ء

اسٹیٹ بینک کا سینٹرل بورڈ آف ڈائریکٹرز

وفاقی حکومت نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سینٹرل بورڈ آف ڈائریکٹرز میں جناب محمد ہدایت اللہ اور جناب ظفر مسعود کے بطور ڈائریکٹر فوری طور پر تین سال کی مدت کے لیے تقرر کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔

ان تقرریوں کے بعد اسٹیٹ بینک کا سینٹرل بورڈ مکمل ہوگیا ہے جس میں آٹھ ڈائریکٹر، وفاقی سیکریٹری فنانس اور گورنر اسٹیٹ بینک شامل ہیں۔

اسٹیٹ بینک کا دس رکنی سینٹرل بورڈ گورنر اسٹیٹ بینک جناب یاسین انور (چیئرمین بورڈ)، قائم مقام وفاقی سیکریٹری فنانس جناب عبدالخالق (رکن بر بنائے عہدہ)، مرزا قمر بیگ، جناب محمود مانڈوی والا، جناب شاہد احمد خان، جناب ایم نواز ٹوانہ، جناب اسکندر محمد خان، خواجہ اقبال حسن، جناب محمد ہدایت اللہ اور جناب ظفر مسعود (اراکین) پر مشتمل ہے۔

☆☆☆